© rasailojaraid.com



جھلکیاں ہیں۔جن کے مطالعہ سے ایک تابناک عہد کا خوبصورت نقشہ سامنے آجاتا ہے جوفاضل مدوّن کا مقصود بھی ہے اور وہ اپنے اس مقصد کے حصول میں کامران ٹھہرے ہیں۔(تبصرہ: ڈاکٹر محمد عمر فاروق)

● **سلسلۂ اسوۂ حسنہ**

ملنے کا پتا: ریجنل دعوۃ سینٹر (سندھ) کراچی (دعوۃ اکیڈمی بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد)۔پی ایس۔۱/۵ کے ڈی اے اسکیم ۳۳۔احسن آباد۔نزد گلشن معمار۔کراچی　فون: ۰۲۱۔۳۶۸۸۱۸۶۲　ای میل: rdc11u1@yahoo.com

اللہ کے آخری پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ کے ایک ایک لمحہ میں نسلِ انسانی کے لیے فلاح انسان کی تمام تر ضرورتیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اُسوۂ حسنہ کی روشنی میں پوری کی جاسکتی ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیّبہ کے لمحات کو نسلِ انسانی تک پہنچانا وقت کی سب سے بڑی ضرورت ہے۔

دعوۃ اکیڈمی بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد کے شعبہ ریجنل دعوۃ سینٹر (سندھ) کراچی نے اس پر کام شروع کیا ہے۔اس سال ربیع الاوّل کی مناسبت سے سلسلۂ اسوہ حسنہ کے تحت درج ذیل کتابچے شائع کیے ہیں

۱۔　فہمِ سیرت: پروفیسر سید محمد سلیم
۲۔　اُمّتِ مسلمہ کے مسائل اور ان کا حل سیرت طیّبہ کی روشنی میں: ڈاکٹر محمود احمد غازی
۳۔　عزم وثبات کے کوہِ گراں: ڈاکٹر محمد شیر زمان چشتی
۴۔　نبوی اسلوبِ دعوت: سید فضل الرحمٰن

یہ کتابچے اپنے اندر موضوع کے اعتبار سے اچھا خاصا مواد رکھتے ہیں۔قاری میں سیرت کو پڑھنے کا ذوق اجاگر ہوتا نظر آتا ہے۔عام فہم ہیں اور ہر مسلمان کے پڑھنے کے لائق ہیں۔خصوصاً نئے خطباء، علماء کے لیے بے حد مفید ہوں گے۔(تبصرہ: مولانا محمد مغیرہ)






© rasailojaraid.com